03-11-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی اہم خبریں

---

1 بھارتی خلائی تحقیق کی تنظیم اِسرو نے لداخ کے LEH میں بھارت کا پہلا Analogخلائی مشن شروع کردیا ہے تاکہ چاند کے اپنے مشن کے تجربات وہاں سے کیے جا سکیں۔

2 وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت کی دفاعی برآمدات 2029-30 تک پچاس ہزار کروڑ روپے تک پہنچ جائے گی۔

3 مرکزی وزیر داخلہ اور BJP کے سینر لیڈر امت شاہ آج جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کے لیے پارٹی کا منشور-سنکلپ پتّر جاری کریں گے۔

4 وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج سے آسٹریلیا اور سنگاپور کے چھ روزہ سرکاری دورے پر رہیں گے۔

5 بھارت کے Atanu Das نے سوئٹزر لینڈکے شہر Lausanne میں سوئز اوپن انڈور تیر اندازی میں کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔

6 اور

بھارت کی بیڈمنٹن کھلاڑی Malvika Bansod جرمنی میں Hylo اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے خواتین کے سنگلز کے فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Analog Space Mission

بھارتی خلائی تنظیم IRSO نے لداخ کے لیہ میں ملک کے پہلے Analog خلائی مشن کا آغاز کیا ہے۔ جہاں خلائی ایجنسی زمین پر ہی خلا سے مماثلت رکھتا ہوا، ماحول قائم کرے گی۔ بھارت کے ذریعے مستقبل قریب میں چاند پر انسان کو بھیجنے کے منصوبے کے تناظر میں یہ اقدام نمایاں اہمیت کا حامل ہے۔ Analog خلائی مشن زمین پر کئے

جانے والے ایسے Field تجربے ہیں جو خلائی ماحول سے مشابہت رکھتے ہوئے علاقوں میں کئے جاتے ہیں، نیز خلائی پرواز سے متعلق تحقیق کو درپیش مسئلوں کے حل میں نمایاں رول ادا کرتے ہیں۔ لداخ کو اس کی جغرافیائی خصوصیات جیسے خشک و سرد آب و ہوا، بنجر زمین، سطح سمندر سے اس کی انتہائی بلندی اور بالکل الگ تھلگ علاقہ ہونے کے سبب اسے مشن کے لیے چنا گیا ہے۔

یہ ایسی خصوصیات ہیں جو چاند اور مریخ سے قریبی مشابہت رکھتی ہیں۔

بھارت کا مقصد زمین پر چاند کا فطری ماحول پیدا کرکے ایسی Base قائم کرنا ہے جہاں خلا سے متعلق مشن تجرباتی طور پر کئے جا سکیں۔ بھارت کے اس اقدام کے ایک ماہ بعد Analog خلائی مشن کا آغاز عمل میں آیا ہے۔

اس مشن میں Hab-1 نامی خلا سے مماثلت رکھتا ہوا مرکز شامل ہے جس میں Hydroponicکاشتکاری کچن، اور Sanitation کی سہولیات موجود ہیں۔

یہ مرکز اپنی ماحولیاتی ضروریات کو خود پورا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے-x

Rajnath Defence Export

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہاہے کہ بھارت کی 'آتم نِربھر' پہل کے خاطر خواہ نتائج برآمد ہو رہے ہیں اور 2029-30، تک ملک کی دفاعی برآمدات 50 ہزار کروڑ روپے تک پہنچ جائے گی۔ کل کانپور انڈین انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی کی یوم تاسیس کی 65ویں تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے وزیر دفاع نے نوجوانوں سے کہاکہ وہ ملک میں ہی اعلیٰ ٹیکنالوجیاں تیار کریں، جو ملک درآمد کرتا رہا ہے تاکہ وزیراعظم نریندر مودی کے وِکست بھارت کے وژن کو پوراکیا جاسکے۔

وزیر دفاع نے اِس بات پر زور دیا کہ اعلیٰ ٹیکنالوجی پر عبور حاصل کیا جائے۔ انہوں نے نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ اپنی صلاحیت کو استعمال کرنے کیلئے اپنے ذہن کو روشن کریں اور ملک کی ترقی کیلئے تعاون کریں۔

جناب سنگھ نے کہاکہ حکومت کی خود کفیل بنے کی جو کوششیں ہیں وہ دفاعی برآمدات کے طور پر انتہائی کامیاب ثابت ہو رہی ہیں۔

دفاعی برآمدات 10 سال پہلے تقریباً 600 کروڑ روپے تھی جو مالی سال 2022-23 میں بڑھ کر 21 ہزار کروڑ روپے تک پہنچ گئی تھی، جو ایک ریکارڈ تھا۔ دنیا بھر میں جاری جنگوں کے بیچ دفاعی ایکو نظام میں ٹیکنالوجی کے بڑھتے ہوئے رول کو اجاگر کرتے ہوئے وزیر دفاع نے کہاکہ ڈرونس، لیزروارفیئر، سائبر وار فیئر، Precision گائڈڈ میزائل اور ہائپر سونک میزائل کے استعمال نے جنگی نظام کو پوری طرح ٹیکنالوجی پر مبنی نظام میں تبدیل کردیا ہے۔

S/B Rajnath Defence

## Jharkhand Amit Shah

بی جے پی کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کیلئے پارٹی کا منشور سنکلپ پَتر جاری کریں گے۔ جناب شاہ آج گھاٹ شیلا میں Dhalbhumgarh، ہزاری باغ میں Barkatha اور چَترا اور Simaria میں تین چناؤ ریلیوں سے بھی خطاب کریں گے۔ وہ جھارکھنڈ کے دو دن کے دورے پر کَل رات رانچی پہنچے تھے۔ جناب شاہ ریاستی بی جے پی لیڈروں کے ساتھ چناؤ تیاریوں کا بھی جائزہ لیں گے۔x

## Jharkhand Hussainabad Profile

حلقے کی تفصیلات اور معلومات کی ہماری سیریز کے تحت آج ہم جھارکھنڈ کے Palamuضلعے میں حسین آباد اسمبلی حلقے پر ایک نظر ڈالتے ہیں۔ حسین آباد اسمبلی حلقے میں اِس ماہ کی 13 تاریخ کو پہلے مرحلے کے تحت ووٹ ڈالے جائیں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C K K Lal

سال 2019 میں اسمبلی انتخابات میں NCP کے واحد MLA کملیش کمار سنگھ نے یہ سیٹ جیتی تھی۔ اس بار جناب سنگھ NCP سے استعفیٰ کے بعد BJP کے ٹکٹ پر چناؤ لڑ رہے ہیں۔ ان کا مقابلہ پارٹی کے دو رہنماؤں ونود کمار سنگھ اور کرنل سنجے کمار سنگھ سے ہے۔ کملیش سنگھ کو BSP کے Shivpujan Mehta سے بھی چیلنج ہے،جنھیں NDA کی اتحادی پارٹی AJSU نے ٹکٹ دینے سے انکار کردیا تھا۔

RJDکے سربراہ سنجے کمار سنگھ یادو بھی اس سیٹ کے ایک اور معزز امیدوار ہیں۔ گذشتہ اسمبلی انتخابات میں وہ دوسرے مقام پر رہے تھے۔

11آزاد امیدواروں سمیت 18 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں لیکن اہم مقابلہ RJDکے سنجے کمار سنگھ یادو اور BJP کے کملیش سنگھ کے درمیان ہے۔

انتخابی مہم کے دوران تمام سیاسی پارٹیوں کے لیے مشہور Japla Cement Factoryکا بند ہونا ایک اہم مدعا ہے۔ ہر پارٹی سیمنٹ فیکٹری کو پھر سے کھلوانے کا وعدہ کر رہی ہے جو بڑی تعداد میں مقامی لوگوں کو روزگار فراہم کرنے کا ذریعہ ہو سکتی ہے۔

جھارکھنڈ سے KK لال کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں...............

Maha Elections

مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کیلئے کاغذات نامزدگی واپس لینے کا کَل آخری دن ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C Prarthna

سال 2019 میں اسمبلی انتخابات میں NCP کے واحد MLA کملیش کمار سنگھ نے یہ سیٹ جیتی تھی۔ اس بار جناب سنگھ NCP سے استعفیٰ کے بعد BJP کے ٹکٹ پر چناؤ لڑ رہے ہیں۔ ان کا مقابلہ پارٹی کے دو رہنماؤں ونود کمار سنگھ اور کرنل سنجے کمار سنگھ سے ہے۔ کملیش سنگھ کو BSP کے Shivpujan Mehta سے بھی چیلنج ہے،جنھیں NDA کی اتحادی پارٹی AJSU نے ٹکٹ دینے سے انکار کردیا تھا۔

RJDکے سربراہ سنجے کمار سنگھ یادو بھی اس سیٹ کے ایک اور معزز امیدوار ہیں۔ گذشتہ اسمبلی انتخابات میں وہ دوسرے مقام پر رہے تھے۔

11آزاد امیدواروں سمیت 18 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں لیکن اہم مقابلہ RJDکے سنجے کمار سنگھ یادو اور BJP کے کملیش سنگھ کے درمیان ہے۔

انتخابی مہم کے دوران تمام سیاسی پارٹیوں کے لیے مشہور Japla Cement Factoryکا بند ہونا ایک اہم مدعا ہے۔ ہر پارٹی سیمنٹ فیکٹری کو پھر سے کھلوانے کا وعدہ کر رہی ہے جو بڑی تعداد میں مقامی لوگوں کو روزگار فراہم کرنے کا ذریعہ ہو سکتی ہے۔

جھارکھنڈ سے KK لال کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں..............

Uttrakhand Kedarnath

اتراکھنڈ میں Rudraprayag ضلع میں بارہ مشہور Jyotirlingas میں سے ایک کیدار ناتھ دھام کے کِپاٹ بھیّا دوج کے موقع پر آج صبح ساڑھے آٹھ بجے موسم سرما کیلئے بند کردیے جائیں گے۔ اِس موقع پر مندر کو تقریباً 10 کوئنٹل پھولوں سے سجایا گیا ہے۔ اِس سیزن کے اختتام کو منانے کیلئے 15 لاکھ سے زیادہ عقیدتمندوں نے کیدارناتھ دھام کا استقبال کیا۔ اسی دوران اترکاشی میں یمنوتری دھام کے کپاٹ آج رات بارہ بجکر پانچ منٹ پر بند ہوجائیں گے۔ اِس سال سات لاکھ سے زیادہ یاتریوں نے مندر کے درشن کیے۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Jaishankar Australia Singapore

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج سے آسٹریلیا اور سنگا پور کے 6 روزہ دورے پر رہیں گے۔ اپنے دورے کے دوران ڈاکٹر ایس جے شنکر Brisbain جائیں گے جہاں وہ آسٹریلیا میں بھارت کے چوتھے قونصل خانے کا افتتاح کریں گے۔ وہ کینبرا میں آسٹریلیا کے اپنے ہم منصب Penny Wong کے ساتھ وزراء خارجہ کے 15 ویں فریم ورک مذاکرات کی بھی مشترکہ صدارت کریں گے۔ وزیر خارجہ آسٹریلیا کی پارلیمنٹ ہاؤس میں ہونے والی دوسری رائے سینا ڈاؤن انڈر کے افتتاحی اجلاس میں کلیدی خطاب بھی کریں گے۔

اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں ڈاکٹر ایس جے شنکر اِس ماہ کی 8 تاریخ کو سرکاری دورے کیلئے سنگا پور جائیں گے۔ اس دورے کے دوران وہ پالیسی سازوں کے آسیان-انڈیا نیٹ ورک کی 8 ویں گول میز کانفرنس سے بھی خطاب کریں گے۔ وہ دونوں ملکوں کے درمیان قریبی شراکت داری کا جائزہ لینے کی غرض سے سنگاپور کی قیادت کے ساتھ میٹنگ کریں گے اور باہمی تعلقات کو مزید بڑھانے کے مواقع کا پتہ لگائیں گے۔x

Telangana Armed Forces Flag Day

مسلح افواج کے فلیگ ڈے فنڈ کی تلنگانہ اسٹیٹ منیجنگ کمیٹی نے، جس کی صدارت گورنر Jishnu Dev Varma نے کی، سابق فوجیوں اور ان کے کنبے کے ارکان کیلئے مالی امداد کی اسکیموں کو منظوری دے دی ہے۔ اِس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے گورنر Jishnu Dev Varma نے اُن سابق فوجیوں کی دیکھ بھال کی ضرورت پر زور دیا، جنہوں نے ملک کیلئے اپنی بہترین خدمات انجام دیں۔

مزید تفصیل ہماری نامہ نگار سے

V/C Laxmi

حیدرآباد کے راج بھون میں کل مسلح افواج کے فلیگ ڈے فنڈ کی منیجنگ کمیٹی کی چوتھی میٹنگ منعقد ہوئی، جس میں سابق فوجیوں اور اُن کے کنبوں کو فوری راحت اور طویل مدتی تعاون فراہم کرنے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ اُس نے منحصر بچوں کے ساتھ سابق فوجیوں کی شریک حیات کیلئے دو سے تین لاکھ روپے کی فوری امداد سمیت بہت سے اہم اقدامات کو بھی منظوری دی ہے۔ والدین اور فرض کی ادائیگی کے دوران عظیم قربانی دینے والے فوجیوں کی شریک حیات کیلئے امداد میں اضافہ کیا گیا

ہے۔ سابق فوجیوں کی بیٹیوں کیلئے شادی کی گرانٹ کو اب 'Kalyan Kanuka' کا نام دیا گیا ہے۔ اِس کے علاوہ سوفیصد معذور فوجیوں کیلئے ماہانہ امداد اور سابق فوجیوں کے منحصر بچوں کے مالی امداد میں اضافہ کیا گیا ہے۔

ہوسٹل فیس اور آخری رسومات کیلئے معاوضہ اور بچوں کیلئے کمپیوٹر کی خریداری کیلئے معاوضہ، اعضا کے ٹرانس پلانٹ کیلئے مالی امداد میں بھی اضافہ کیا گیا ہے۔

کریم نگر وارنگل میں سینک بھونوں کی تجدید کاری کیلئے بھی فنڈس کی منظوری دی گئی ہے۔

حیدرآباد سے لکشمی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں.........

Punjab Narco Smuggling

پنجاب کی تمام سرحدوں سے ہونے والی منشیات کی اسمگلنگ کبھی نہ ختم ہوتی ہوئی نظر آ رہی ہے۔ اس سال اب تک ریاست سے ایک ہزار کلوگرام سے زیادہ Heroin برآمد کی جا چکی ہے۔

بارڈر سیکیورٹی فورس BSFاور پنجاب پولیس دونوں نے بڑی مقدار میں منشیات ضبط کی ہے اور پنجاب پولیس نے سرحد اور اس کے آس پاس سے 10 ہزار سے زیادہ Drug Smugglers کو گرفتار کیا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C Rajesh Bali

BSFنے دعوی کیا ہے کہ حفاظتی فورسز زمینی راستے کے بجائے ڈرونز کے ذریعے ہوائی راستے سے پاکستان سے آنے والے ہتھیار اور منشیات ضبط کرنے کے لیے کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دے رہی ہے۔

پنجاب فرنٹیر کے BSF کے انسپیکٹر جنرل Atul Fulzule نے آکاشوانی کو بتایا کہ حفاظتی دستوں نے یا تو بھارتی سرحد کے اندر 185 ڈرونز کو مار گرایا ہے یا انہیں راستے میں ہی ناکارہ بنا دیا ہے، جو پنجاب میں ہیروئن اور ہتھیار لے جا رہے تھے۔ ایک سال سے بھی زیادہ عرصے پہلے پنجاب سرکار نے سرحدی گاؤوں میں کلیدی مقامات پر CC ٹی وی کیمرے نصب کرنے کے ایک پروجیکٹ پر غوروخوض کیا تھا تاکہ ڈرونز کی نقل و حمل اور اسمگلروں پر کڑی نگاہ رکھی جا سکے۔

اسی دوران پنجاب، پولیس کے سربراہ گورو یادو نے شہریوں سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ منشیات کا غیرقانونی کاروبار کرنے والے لوگوں کے بارے میں مطلع کریں۔

جالندھر سے راجیش بالی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں.........................................

IMD Weather

بھارت کے محکمہئ موسمیات نے، آج تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، کیرالہ اور Maheمیں گرج چمک اور بجلی کڑکنے کے ساتھ بہت شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمہئ موسمیات نے اگلے چار دن کے دوران دو سے تین ڈگری سیلسیس تک شمال مغرب اور مشرقی بھارت میں کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ درجہئ حرات میں بتدریج گراوٹ کی بھی پیش گوئی کی ہے۔ امکان ہے کہ انڈومان نکوبار جزائر میں بھی اِس ماہ کی پانچ تاریخ کو شدید بارش ہوگی۔

محکمہئ موسمیات نے کہاہے کہ دلّی اور این سی آر میں اگلے دو سے تین دن میں رات اور صبح کے اوقات کے دوران دھند چھائے رہنے کا امکان ہے-x

Delhi Pollution

دلّی-این سی آر میں، ہوا کا معیار بدستور بہت خراب زمرے میں بنا ہوا ہے۔ آلودگی کی روک تھام کے مرکزی بورڈ کے مطابق دلّی کے ہوا کا معیار کا اشاریہ آج صبح 6 بجے تک 361 پر ریکارڈ کیا گیا تھا۔

بھارت کے محکمہئ موسمیات IMD نے پیش گوئی کی ہے کہ دلّی-این سی آر میں اگلے دو سے تین دن کے دوران رات اور صبح کے وقت دھواں اور دھند چھایا رہے گا۔

CPCBڈاٹا کے مطابق شہر کے کچھ حصوں میں ہوا کے معیار کا اشاریہ 400 کے نشان کو پار کرکے انتہائی خراب زمرے میں پہنچ گیا ہے۔ آنند وہار میں ہوا کا معیار 424، روہنی میں 402، پنجابی باغ میں 394 اور آر کے پورم میں ہوا کے معیار کا اشاریہ 381 ریکارڈ کیا گیا ہے-x

Archery Swiss Indoors

تیراندازی میں بھارت کے Atanu Das نے سوئٹزرلینڈ کے Lausanne میں جاری Swiss Open Indoor Archery مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔

اولمپیائی کھلاڑی Das نے کل سوئٹزرلینڈکے Thomas Rufer کو مردوں کے Recurve مقابلے میں 6-4 سے ہراکر کانسے کا تمغہ اپنے نام کرلیا۔

اس سے پہلے سیمی فائنلز میں Atanu کا سامنا فرانس Romain Fichet سے ہوا تھا، جن سے وہ 6-4 سے ہار گئے تھے۔ اسی مقابلے میں Romain نے چاندی کا تمغہ جیتا تھا جبکہ اٹلی کے Alessandro Paoli کو سونے کا تمغہ حاصل ہوا۔

2025 Indoor Archery عالمی سیریز جمعہ سے شروع ہوئی ہے جس میں 31 ممالک کے 300 سے زیادہ تیر انداز حصہ لے رہے ہیں۔

Hylo Open Badminton

بیڈمنٹن میں بھارت کی Malvika Bansod جرمنی میں Saarbrücken کے مقام پر جاری Hylo Open 2024 کے فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ Malvika نے کل رات خواتین کے سنگلز کے سیمی فائنل میں ڈنمارک کی بیڈمنٹن کھلاڑی Julie Dawall کو تیئس-اکیس، اکیس-اٹھارہ سے ہرایا۔ Malvika آج خطابی مقابلے میں ڈنمارک کی ہی خاتون کھلاڑی Mia Blichfeldt کا سامنا کریں گی۔

سید مودی انٹرنیشنل BWF 2022 سپر 300 مقابلے میں پی وی سندھو کے دوسری پوزیشن پر رہنے کے بعد BWF World Tour میں Malvika دوسری بار فائنل میں پہنچی ہیں-x

یہ تھی خبریں۔

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: شبانہ بیگم

شکریہ - آسیہ میمونہ

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ ملاپ کی شہ سرخی وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کی جانب سے حالیہ دہشت گردانہ حملوں کے سلسلے میں دیے گئے بیان پر مبنی ہے۔

”مرکزی حکومت جموں و کشمیر کی ترقی کے لیے پرعزم ہے۔ جموں و کشمیر سے دہشت گردی کا خاتمہ جلد ہوگا۔“

روزنامہ انقلاب نے کناڈا کے نائب وزیر ڈیوڈ موریسن کی جانب سے وزیر داخلہ امت شاہ پر سنگین الزامات عائد کرنے کے بعد بھارت کی جانب سے رد عمل کے اظہار سے متعلق خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

اخبار لکھتا ہے ”امت شاہ کے تعلق سے سنگین الزامات پر بھارت کا شدید احتجاج، کناڈا میں اپنے سفارتکاروں کی نگرانی پر بھی بھارت کا سخت احتجاج۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے جھارکھنڈ اور مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کے سلسلے میں مختلف سیاسی پارٹیوں کے رہنماؤں کی جانب سے انتخابی مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے بھارت کی جانب سے قدرتی آفات روکنے کے لیے بین الاقوامی تعاون کو بڑھانے کی اپیل کی خبر کو صفحۂ اوّل پر شائع کیا ہے۔

روزنامہ انقلاب نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی صدارت برطانیہ کے سپرد کرنے کی خبر کو نمایاں طور پر پیش کیا ہے۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 بھارتی خلائی تحقیق کی تنظیم اِسرو نے لداخ کے LEH میں بھارت کا پہلا Analogخلائی مشن شروع کردیا ہے تاکہ چاند کے اپنے مشن کے تجربات وہاں سے کیے جا سکیں۔

2 وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت کی دفاعی برآمدات 2029-30 تک پچاس ہزار کروڑ روپے تک پہنچ جائے گی۔

3 مرکزی وزیر داخلہ اور BJP کے سینر لیڈر امت شاہ آج جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کے لیے پارٹی کا منشور-سنکلپ پَتر جاری کریں گے۔

4 وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج سے آسٹریلیا اور سنگاپور کے چھ روزہ سرکاری دورے پر رہیں گے۔

5 بھارت کے Atanu Das نے سوئٹزر لینڈکے شہر Lausanne میں سوئز اوپن انڈور تیر اندازی میں کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔

6 اور

بھارت کی بیڈمنٹن کھلاڑی Malvika Bansod جرمنی میں Hylo اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے خواتین کے سنگلز کے فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------